اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَا تَمِ النَّبِیّٖن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم ط

# اجتماع ذکرِ شہادت ﴿3 دن﴾ کے پہلے دن کیئے جانے والے اعلانات(محرم الحرام)

اب نویں اوردسویں محرم کوکیے جانے والے چند نیک اعمال بتائے جائیں گے لہٰذاتمام اسلامی بہنیں توجہ کےساتھ سماعت فرمائیں اورہوسکے تو اپنے پاس تحریر بھی فرمالیں تاکہ یادرہیں نیز“مدنی پنچ سورہ ”میں بھی چند اعمال کاذکر موجود ہے۔اگر آپ کے پاس مدنی پنچ سورہ نہیں ہے تو مکتبۃ المدینہ کے بستے سے خرید لیں۔ یا دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.netسے downloadبھی کر سکتے ہیں۔

پیاری اسلامی بہنو!

- ⭑ مغرب کی نمازکےساتھ ہی صلوٰۃ الاوّابین ادافرمالیں اورصلوٰۃ الحاجات پڑھ کر۲۰باریَانَافِعُ پڑھ کراچھی اچھی نیتیں کریں اوراللہ پاک سے دعاکریں کہ اللہ پاک آج کی رات یعنی(شبِ عاشورہ )نیندکے غلبے اورغفلت سے بچاکراخلاص اورشوق کےساتھ عبادت کرنے کی سعادت عطافرمائے ۔
- ⭑ ان دس دنوں میں جوکچھ عبادت ہوسکے اس کاثواب اسیران کربلا و شُہَدَائے کربلا،اپنے پیر و مرشد،اپنےوالدین، اپنے مرحوم رشتہ داروں اور تمام مسلمانوں کوایصال کریں اوران کےلئے بالخصوص دعائے مغفرت کریں۔
- ⭑ مکتبہ المدینہ کی مطبوعہ کتاب “مکاشفۃالقلوب” کے صفحہ نمبر 420پر نقل ہے(خلاصہ) کہ "جب بھی شُہَدَائے کربلاکی مصیبت کاخیال آئے توآیت ترجیع یعنی اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّآاِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھے تو ان شآء اللہ ثواب ملے گا۔"
- ⭑ عالمگیری، سنی بہشتی زیورحصہ3صفحہ 307پر آتا ہے کہ نوحہ یعنی میت کے اوصاف مبالغہ سے بیان کرکے آواز سے روناجس کوبین کہتے ہیں۔ سب کے نزدیک حرام ہے۔یونہی واویلا، وامصیبتاکہہ کر چلّانا،گریباں پھاڑنا،منہ نوچنا،بال کھولنا، سرپرخاک ڈالنا، سینہ کوٹنا، ران پرہاتھ مارنا، ایڑیاں رگڑنااور اظہار غم کےلئے ایسی ہی واہی تباہی حرکتیں کرنا یہ سب زمانہ جاہلیت کے کام ہیں اور سخت حرام۔
- ⭑ بدمذہبوں کے لکھے ہوئے شہادت نامے ،نوحے ،مرثیے نہ پڑھیں نہ سنیں نہ ہی ایسی محافل میں شرکت کریں کہ اس میں بہت سی غلط روایات شامل ہیں۔بزرگانِ دین رحمۃ اللہ علیہ کے کلام اورعلمائے اہلسنت کی مستند کتابیں ہی پڑھیں۔
- ⭑ بڑی راتوں میں دعاؤں کی قبولیت کاقوی امکان ہوتاہے،لہٰذاان راتوں میں بزرگانِ دین رحمۃ اللہ علیہم کی مانگی گئی دعائیں زیادہ مانگیں مثلاً شجرہ عطاریہ سے ’’یاالٰہی رحم فرمامصطفی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے واسطے‘‘یاشیخِ طریقت امیراہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے دعائیہ کلام جووسائل بخشش میں ہیں۔
- ⭑ کنزالایمان یا صراط الجنان سے جس قدرممکن ہوتلاوت کریں مزید اس سے فیضیاب ہونے کےلئے کم ازکم 3آیات مع ترجمہ وتفسیرکامطالعہ کریں اوررات کوسورۂملک بھی پڑھیں اورروزانہ پڑھنے کی نیت بھی کرلیں۔

★ گھروالوں کواکٹھاکرکےفیضانِ سنّت(جدید)یا اس کے مختلف ابواب فیضانِ نماز وغیرہ امیر اہلسنت کےرسائل (تخریج شدہ )سے درس دیں اورروزانہ گھر درس دینے کی بھی نیت کرلیں۔

★ حلیۃالاولیاء جلد7صفحہ نمبر335 پر ہے کہ نیک لوگوں کے ذکر کے وقت رحمت نازل ہوتی ہےاورہمارا حسنِ ظن ہے کہ امیراہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ایک ولیٔ کامل ہیں اوراَلْحَمْدُلِلّٰہ ان کے سنتوں بھرے بیانات میں کئی صالحین اورانبیاء کرام علیہم السلام کاتذکرہ ہوتاہے ،لہٰذاروزانہ ایک بیان یا مدنی مذاکرہ انتہائی توجہ ویکسوئی کے ساتھ سماعت فرمائیں اور ڈھیروں رحمتیں حاصل فرمائیں اورروزانہ سننے کی بھی نیت کرلیں۔

★ جائزہ لیتے ہوئے نیک اعمال کے رسالے پرنشان لگائیں اور روزانہ جائزہ لینے کامعمول بنالیں اور ہر مہینےیہ رسالہ اپنے ذیلی حلقے کی ذمہ داراسلامی بہن کو جمع بھی کروائیں۔

★ رضائے الٰہی کے لیے اپنی والدہ اوربچوں کی دادی سے معافی مانگیں،ان کا ہاتھ چومیں اوران کے حق میں دعائے خیر کریں اور اپنے لیےان سے دعاکی درخواست کریں اور ان سے احتیاطاًحقوق العبادبھی معاف کروالیں۔

★ شیخِ طریقت امیراہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی درازیٔ عمربالخیرکے لئے دعافرمائیں۔

★ شعب الایمان میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ،رسول اللہصَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایاکہ“تین شخص ہیں جن کی نمازقبول نہیں ہوتی اور ان کی کوئی نیکی بلندنہیں ہوتی ان تین میں سے ایک ’’وہ عورت بھی ہے جس کاشوہر اس سے ناراض ہو”۔)ملخصاًبہار شریعت ج 2،صفحہ نمبر103مطبوعہ مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی) چنانچہ شادی شدہ اسلامی بہنوں کوچاہیے کہ اپنے بچوں کے ابوکوراضی کرلیں ان سے احتیاطاًحقوق العباد بھی معاف کروالیں۔

★ دیگردوست احباب،رشتے داروں میں سے کسی سے ناراضی ہے توان سے معافی مانگ لیں ہوسکے تویہ کام بڑی رات آنے سے پہلے کرلیں ورنہ اسی د ن فون کرکے یہ اہم کام ضرورکرلیں۔

★ مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ بہارِ شریعت جلد 3 حصہ 16صفحہ نمبر 416مسئلہ 35میں ہے کہ ایام محرم میں یعنی پہلی محرم سے بارہویں محرم تک سیاہ کپڑے نہ پہنے جائیں کہ رافضیوں کا طریقہ ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَا تَمِ النَّبِیّٖن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم ط

## اجتماع ذکرِ شہادت ﴿3 دن﴾ کے دوسرے دن کیے جانے والے اعلانات(محرم الحرام)

نویں اوردسویں محرم کوکیے جانے والے چند نیک اعمال ابھی بتائے جائیں گے لہٰذاتمام اسلامی بہنیں توجہ کےساتھ سماعت فرمائیں اورہوسکے تو اپنے پاس تحریر بھی فرمالیں تاکہ یادرہیں نیز“مدنی پنج سورہ ”میں بھی چند اعمال کاذکر موجود ہے۔اگر آپ کے پاس مدنی پنج سورہ نہیں ہے تو مکتبۃ ا لمدینہ کے بستے سے خرید لیں۔ یا دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.netسےdownloadبھی کر سکتے ہیں۔

پیاری اسلامی بہنو!

- شبِ عاشورہ غروبِ آفتاب کے بعد اپنے کاموں سے فراغت حاصل کرکے عبادت کااہتمام شروع کردیں تاکہ پوری رات زیادہ سے زیادہ نیک اعمال کرکے رضائے الٰہی حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکیں۔

ریاضت کے یہی دن ہیں
بڑھاپے میں کہاں ہمت
جو کرنا ہے اب کرلو !
ابھی نوری جواں تم ہو

(سامانِ بخشش)

- اسلامی بہنیں مغرب کے بعدکسی اورکے گھرپرمحفل یاشب بیداری کااہتمام نہ کریں اورکسی اوراسلامی بہن کے گھررات گزارنے کے بجائے اپنے گھر میں عبادت کریں اس سے اِنْ شَآءَ اللہ گھروں میں خوب رحمتوں اوربرکتوں کا نزول ہوگا۔
- اگرقضاء نمازیں باقی ہوں توزیادہ سے زیادہ قضاء عمری اداکرنے کی کوشش کریں اوراگر قضاء نمازیں باقی نہ ہوں تونوافل اداکریں اور صلوٰۃ التسبیح ادافرمائیں۔
- اس رات خصوصیت کے ساتھ درودشریف پڑھیں اورکم از کم 1200 درود پاک مدینے کی جانب رخ کرکے باوضوآنکھیں بند کرکےگنبدخضراء کاحسین تصور جماکرمحبت و شوق کے ساتھ پڑھیں تو اِنْ شَاءَ اللہ خوب ذوق ملے گا۔
- ہوسکے تواس رات اورعاشورے کے دن زبان پرقفل مدینہ لگائیں اوراس بات کی کوشش فرمائیں کہ زبان سے اچھے کلمات ،ذکرالٰہی اور درودپاک کے سواکچھ نہ نکلے۔
- فیضان سنت (جدید)کے چارصفحات کامطالعہ فرمائیں اورامیراہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کارسالہ "برے خاتمے کے اسباب"یافیضانِ سنت کا باب "غیبت کی تباہ کاریاں"کابھی مطالعہ فرمائیں۔
- فیضانِ سنت جدیدصفحہ 1353پر ہے کہ عاشورہ کے دن کاروزہ رکھیں بلکہ عاشورہ کے ساتھ ایک روزہ اوررکھ لینابہتر ہے یانومحرم الحرام یاگیارہ محرم الحرام کا۔مسلم شریف کی حدیثِ مبارکہ میں ہے کہ حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلّمنے ارشاد فرمایا"مجھے اللہ پاک پرگمان ہے کہ عاشورہ کاروزہ ایک سال پہلے کے گناہ مٹادیتاہے۔"

یادرہے ! کہ اگر کسی کےلئے دوروزے رکھنامشکل ہوتوایک دن کا روزہ بھی رکھ سکتے ہیں۔

- مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃاللہ علیہ اپنی تصنیف "اسلامی زندگی" میں فرماتے ہیں "تعزیہ داری اور عَلَم نکالنا،کودنا، ناچنا یہ وہ کام ہیں جو یزیدی لوگوں نے کیئے تھے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ و دیگر شُہَدَائے کربلا کا سر نیزوں پر رکھ کر اُن کے آگے کودتے،ناچتے،خوشیاں مناتے ہوئے کربلا سے کوفہ اور کوفہ سے دمشق یزید پلید کے پاس لے گئے اہلبیت نے نہ کبھی تعزیہ داری

کی اور نہ عَلَم نکالے،نہ سینے کوٹے،نہ ماتم کیئے۔ لہٰذا اے مسلمانو! اِن مبارک دِنوں میں یہ کام ہر گِز نہ کرو ورنہ سخت گنہگار ہوگے خود بھی اِن جلوس اور ماتم میں شریک نہ ہو اور اپنے بچوں، اپنی بیویوں، دوستوں کو بھی روکو۔

(اسلامی زندگی صفحہ نمبر 73،72)

★ نیازپرفاتحہ دلوائیں اورپڑوسیوں کوبھی دیں۔نیازکے ساتھ ساتھ خوب خوب مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ کتب ورسائل بھی تقسیم فرمائیں اور اُس کا ثواب اسیرانِ کربلا و شُہَدَائے کربلا کو اِیصال کیجئے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَا تَمِ النَّبِیِّن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ؕبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم ؕ

## اجتماع ذکرِ شہادت ﴿3 دن﴾ کے

## تیسرے دن کیے جانے والے اعلانات(محرم الحرام)

نویں اوردسویں محرم کوکیئے جانے والے چند نیک اعمال ابھی بتائے جائیں گے لہٰذاتمام اسلامی بہنیں توجہ کےساتھ سماعت فرمائیں اورہوسکے تو اپنے پاس تحریر بھی فرمالیں تاکہ یادرہیں نیز"مدنی پنج سورہ "میں بھی چند اعمال کاذکر موجود ہے۔اگر آپ کے پاس مدنی پنج سورہ نہیں ہے تو مکتبۃ المدینہ کے بستے سے خرید لیں۔۔ یا دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.netسے downloadبھی کر سکتے ہیں۔

پیاری اسلامی بہنو!

★عاشورہ کے دن اپنے اوپردعائیں مانگنے کولازم کرلیں۔

★عاشورہ کے دن دس چیزوں کوعلماءِ کرام نے مستحب لکھاہے، یہ سب اچھے اعمال ہیں لہٰذاان کوکرناچاہیے۔

i. روزہ رکھنا
ii. صدقہ کرنا
iii. نمازنفل پڑھنا
iv. ایک ہزار بار قُلْ ھُوَاللہ پڑھنا (یعنی سورۃ الاخلاص پوری پڑھیں)
v. علماء کی زیارت
vi. یتیم کے سرپر ہاتھ پھیرنا

★ عاشورہ کے دن یتیم کے سرپرہاتھ پھیرنابڑاثواب ہے کہ مشکوٰۃ شریف ص423،فضائل اَیَّام وَالشُّہُور ص254کی حدیث مبارکہ ہے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہماسے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایاجوشخص عاشورہ کے دن یتیم کے سرپرہاتھ پھیرے گاتواللہ پاک اس کےلئے یتیم کے سرکے ہربال کے عوض ایک ایک درجہ جنت میں بلندفرمائے گا۔

★ جب بھی کسی یتیم بچے کے سر پر ہاتھ پھیرنا ہو تو سر کے پیچھے سے ہاتھ پھیرتے ہوئے آگے کی طرف لے آئیے جیسا کہ حدیثِ پاک میں ہے: "لڑکا یتیم ہو تو اس کے سر پر ہاتھ پھیرنے میں آگے کو لائے، اور جب اس کا باپ ہو (یعنی بچہ یتیم نہ ہو تو ) ہاتھ پھیرنے میں گردن کی طرف لے جائے۔ (بحوالہ یتیم کسے کہتے ہیں)

★ یادرہے کہ یتیم اس "نابالغ "بچے یابچی کوکہتے ہیں جس کے ماں باپ یادونوں میں سے کوئی ایک فوت ہوگیاہوجوں ہی یہ بالغ ہوجائیں توپھر**"یتیم "**نہ رہے۔

vii. اپنے اہل وعیال کے رزق میں وسعت کرنا ۔(اگر 10 محرم کو اسلامی بھائی قافلے میں ہوں اور اپنے گھر میں وسعت کرنا چاہیں تو اپنے گھر میں اس نیت سے پہلے رقم دے کر جاسکتے ہیں۔)

★ عاشورہ کے دن کھانے میں وسعت کی جائے یعنی زیادہ کھاناپکایاجائےمشہور مفسرحکیم الامت مفتی احمدیارخان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں"بال بچوں کےلئے ۱۰ویں محرم الحرام کوخوب اچھے اچھے کھانے پکائے "۔ اِنْ شَآءَ اللہ سال بھرتک گھرمیں برکت رہے گی ۔مزید فرماتے ہیں کہ ۱۰محرم الحرام کو کھچڑا پکاکر شہید کربلا حضرت سیدناامام حسین رضی اللہ عنہ کی فاتحہ کرے بہت مُجَرَّب ہے یعنی مؤثروآزمودہ ہے۔

★ جنتی زیورصفحہ نمبر159پر آتاہے عاشورہ کے روز لوگوں کوخصوصاًفقراء کوپانی یا دودھ وغیرہ پلائیں توبڑاثواب ہے۔ دودھ کاشربت بناکرشہدائے کربلاکے ایصالِ ثواب کےلئے پلایاجاتاہے اس سے بھی ضرورثواب ملے گاجب نیاز کااہتمام کریں توفاتحہ دلاکرپڑوسیوں میں تقسیم کرنے کی بھی سعادت حاصل کریں۔

viii. غسل کرنا

ix. سرمہ لگانا

★ جدیدفیضانِ سنت صفحہ نمبر1353پرہے کہ سرورکائنات صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایاجوشخص یوم عاشورہ اِثْمِدسرمہ آنکھوں میں لگائے تواس کی آنکھیں کبھی نہ دکھیں گی ۔

بیان کردہ حدیثِ پاک ضعیف ہے اور ضعیف حدیث فضائل کے اعتبار سے معتبر ہوتی ہے نیز مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب"اسلامی زندگی"میں عاشورہ کے دن سُرمہ لگانے کی ترغیب ارشاد فرمائی ہے لہٰذا یومِ عاشورہ کو سرمہ لگانا چاہیئے۔(دارالافتاء اہلسنت)

x. ناخن تراشنا (عملی طریقہ بتادیں)

ان دس چیزوں کے علاوہ تین چیزیں اور بھی مستحب ہیں

i. مریضوں کی بیمارپُرسی

ii. دشمنوں سے ملاپ کرنا

iii. دعاءِ عاشورہ پڑھنا۔ (جنتی زیور صفحہ نمبر158)

★آئیے ہم بھی نیت کرلیتے ہیں کہ اللہ پاک کی رضاکےلئے ہم یہ تمام اعمال ضروربجالائیں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم